© rasailojaraid.com

**قرآن اور پردہ** | مولانا امین احسن اصلاحی ۔ ناشر ادارہ مذکورہ ۔ قیمت ۶۰ پیسے ۔ صفحات ۴۴ ۔
بے پردگی موجودہ دور کی سب سے بڑی لعنت اور فساد کی جڑ ہے ۔ قرآن نے اس خرابی کا علاج کیا، مؤلف کتاب نے جو قرآنیات پر گہری بصیرت رکھتے ہیں ۔ اس مختصر رسالہ میں موضوع کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل گفتگو کی ہے ۔

**حکمت اسلامیہ** | از جناب مولانا عبدالقدیر صدیقی قادری شعبۂ دینیات جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن صفحات ۱۲۰ ۔ قیمت ۵/۲ روپے ۔ ملنے کا پتہ : اے ۵ ۔ ۷۵ ۔ ۱۰ شاہ لطیف حیدر آباد ( سندھ )
تصوف و سلوک کے علاوہ کلام و فلسفہ کے باریک اور فنی اصطلاحات کی تشریح آپ اسے تصوف کی کتاب سمجھیں یا کلام و فلسفہ کی ۔

**مرنے کے بعد کیا ہوگا ؟** | مرتبہ مولانا عاشق الٰہی مدرس دارالعلوم کراچی صفحات ( ۴۸۰ ) کتابت و طباعت آفسٹ قیمت مجلد چھ روپے ۔ ملنے کا پتہ : خواجہ محمد اسلام گھڈیاں خاص ضلع لاہور ۔ یا پھر ادارہ اشاعت دینیات چوک رنگ محل لاہور ـــــ عالم برزخ اور اس کے بعد کی دنیا ۔ روز قیامت جہنم ، اور جنت کے حالات پر نہایت مؤثر کتاب قرآن مجید اور احادیث کی روشنی میں عبرت و تذکیر کیلئے بے حد مفید ہے ۔

**اسلامی زندگی** | مرتبہ حاجی امیر الدین صاحب صفحات ۲۴۸ قیمت غیر مجلد تین روپے ـــ ملنے کا پتہ : جامعہ ربانیہ ملتان ۔ کتابت و طباعت نہایت عمدہ ۔ کلمہ ، نماز ، روزہ ، حج ، زکوٰۃ کے متعلق ضروری مسائل مخصوص اوقات کی دعائیں اور چالیس احادیث سلیس اور آسان زبان میں دینی مسائل سے واقفیت کے لئے اس کا مطالعہ نہایت مفید ہے ۔

**فتویٰ تکفیر قادیان** | قادیانی جماعت کی کفریات پر علماء اسلام کے یہ فتاویٰ پچاس سال قبل ایک پمفلٹ کی شکل میں شائع ہوئے تھے ، اور اب اسے مولانا سعید الرحمان انوری نے اپنی مجلس دینی مین بازار سنت پورہ لائل پور سے دوبارہ شائع کیا ہے ۔ صرف دس پیسے کے ٹکٹ بھیج کر طلب کیا جاسکتا ہے ۔

> اگلے شمارہ میں حکیم الاسلام علامہ قاری محمد طیب قاسمی مہتمم دارالعلوم دیوبند کی ایک نہایت حکیمانہ اور فاضلانہ تقریر ( انسانی زندگی کے مختلف ادوار اور کامیاب و بامراد زندگی ) جسے ادارہ الحق نے من عن ضبط کیا ہے ۔ ملاحظہ فرمائیے اور مادیت و حیوانیت کے اس طوفانی دور میں حیات طیبہ کے خدوخال سے آگاہ ہوں ـــــ ( ادارہ )

© rasailojaraid.com